Tab 1

ZA'EEF HADITH AUR MOHADDITHEEN

ZA'EEF AHADITH PAR GHAIR-MUQALLIDEEN KA AMAL

Murattib: Maulana Faizan Mustafa Misbahi.

JAMIA NOORIA MOJAHID E MILLAT

Aliganj road no 4,Gaya,Bihar

Allah Ta'ala ke fazl-o-karam se is waqt aapke hathon mein wo ilmi koshish hai jo maujuda dor ke ek nihayat sangin (serious) fitne ke radd mein likhi gayi hai. Kitab ka naam "Za'eef Hadees aur Mohadditheen,Za'eef Ahadees par Ghair-Muqallideen ka Amal" rakha gaya hai taaki naam se hi iska maqsad wazeh ho jaye.

Aaj ke is digital dor mein har taraf "Hadees Za'eef hai" ka shor macha kar awam-un-naas ko gumrah kiya ja raha hai. Bohat se nau-umar (young) log, jinhein ilm-e-hadith ki alif-bay bhi maloom nahi, wo sadiyon se chale aa rahe Ummat ke amalan aur Mohadditheenke usoolon par ungli uthate hain. In naye "Munkir-e-Hadees" ne sirf ek lafz rat liya hai ke "Hadees za'eef hai, lihaza ye radd hai," jabke haqiqat iske bilkul bar-aks (opposite) hai.

Is kitab ko do (2) bado hisson mein taqseem (divide) kiya gaya hai:

1. Pahla Hissa: Ismein humne bar-haq ulema aur kabair Mohadditheen(jaise Imam Ibn Humam, Imam Nawawi, aur Imam Sakhawi) ke aqwal se ye saabit kiya hai ke Za'eef hadees kab aur kis tarah qabil-e-hujjat (proof) hoti hai. Aap dekhenge ke ilm-e-hadith sirf sanad dekhne ka naam nahi, balki "Amal-e-Ummat" aur "Tajurba-e-Salaf" ismein kitni ahmiyat rakhte hain.
2. Dusra Hissa: Is hisse mein hum un logon ka parda-fash karenge jo dusron ko toh Za'eef hadees ka taana dete hain, lekin khud unhi kamzor riwayaton par amal karte hain. In Ghair-Muqallideen ke do-mula (double standard) ravaiye ko unhi ke ulema ki kitabon se saabit kiya jayega.

Is kitab ka maqsad kisi ki dil-azari nahi, balki us maslak-e-haq ki hifazat hai jis par hamare aslaf (purkhay) qayam the. Main umeed karta hoon ke ye koshish aapke ilmi zauq ko jila bakhshegi aur aapko batil ke fareb se mehfooz rakhegi.

Note: **Ye meri koi apni tasneef nahi balki Ulma e Ahl e Sunnat ki mukhtalif kutub se hawalo ko nikal kar meine ek jgah jama kiya h aur jaha zarurat mahsoos huwi waha baracket mei lafz ko badha diya h taa ki logo ko baat samjhne mei mushkil na ho aur aakhir**

mei “khulas e kalam” tahreer kar diya gaya taa ki baat puri trah se wazeh ho jaye.

Allah Paak tamam Ulma e Ahl e Sunnat ki koshishon ko apni bargah mei qubool farmaye.

Pehla Hissa

Imam Tirmizi rahmatullah alaih riwayat farmate hain:

عن ابي واقد الليثي قال قدم النبي ﷺ المدينة وهم مجبوبوا أسنمة الابل ويقطعون أليات الغنم فقال ما قطع من البهيمة وهي حية فهو ميتة

Tarjama:
Hazrat Abu Waqid Laisi se riwayat hai ke Nabi ﷺ Madinah Munawwarah tashreef laaye, us waqt log oonton ke kohan aur zinda dumbaon ki chotiyaan kaat rahe thay, Aap ﷺ ne farmaya: jo cheez zinda janwar se kaati jaye woh murdaar hai.

Is sanad mein Abdur Rahman bin Abdullah bin Dinar al-Qurashi, maula Ibn Umar hain, jin ke baare mein Ibn Hajar Taqreeb mein farmate hain:
sadooq hain lekin khata karte hain
(Mizaan: 1/577, Raqm:3927)

Apni dusri kitaab Tahzeeb mei farmate hain:
Yahya bin Ma‘een ne farmaya: **Unki Hadees mere nazdeek za’eef h.**
(Tahzeeb: 17/209)

Ibn Jauzi ne ise “الضعفاء” safha 92 mein likha- Isi tarah Ibn Jauzi ne “”العلل 52–3/51 mein likha ke **ashaab-e-hadees ki istilah ke i‘tibar se yeh hadees za‘eef hai-**
Imam Tirmizi farmate hain:
والعمل على هذا عند أهل العلم
Ya‘ni ahl-e-ilm (fuqaha aur muhadditheen) ka isi par amal hai-
(Jami‘ Tirmizi: 1/39)

Rizwayat no 2
Hazrat Adi bin Hatim رضی اللہ عنہ ki riwayat hai ke
"قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ عَن صَيْدِ البَازِي؟".
yani main ne Rasool Allah ﷺ se baaz ke shikar karda janwar ke baare mein pucha ke is ka khana halal hai ya nahi
"فَقَالَ مَا أَمْسَكَ عَلَيْكَ فَكُل"
Aap ﷺ ne irshad farmaya jo kuch wo tumhare liye pakar rakhe use kha lo

Imam Tirmidhi رحمۃ اللہ علیہ farmate hain ke is hadith ko hum bawasta Mujalid bin Ash-Sha'bi ki sanad se jaante hain.
"وَالْعَمَلُ عَلَى هَذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ".
yani is hadith par ahl-e-ilm ka amal hai
(Jame' Tirmidhi)

halanke Mujalid za'eef rawi hai jaisa ke Zubair Ali Zai sahib (mudir mahnama 'Al-Hadith') ne bhi 'Anwar-ul-Sahifa' safha number 102 par raqam 282 mein likha
مُجَالِدٌ ضَعِيفٌ
Yaani ki Mujalid za'eef rawi h
"قَالَ الْهَيْثَمِيُّ، وَضَعَّفَهُ الْجُمْهُورُ
Ibne Hajar ne kaha ki jamhoor ne usko za'eef kaha h.
(Majma-uz-Zawaid 9/417)

Khulasa-e-Kalam

Dono riwayat ki sanad za'eef hone ke bawajood Imam Tirmizi ka ye kahna ki ahl-e-ilm(Mujtahideen ,Fuqha) ka amal isi par hai, is se sabit hua ke ahl-e-ilm za'eef riwayaton ko(kuch shart ke sath) qabool karte hain aur is ki buniyaad par amal bhi karte the.
Kabhi aisa bhi hota h ki za'eef rawi jiski wajah se sand za'eef huwi h wo baad ke hain aur Fuqha ko jab ye riwayat mili us waqt wo riwayat za'eef na thi kyu ki wo rawi abhi sanad mei aaya hi nahi tha, isi liye unlogo ne is riwayat ke mutabik amal kiya, isi liye jab kisi za'eef riwayat par ummat ka amal ho jaye to phir yahi us riwayat ke sahi hone ki daleel hoti h.
Iski mazeed misaal aage aa rahi h.

قد نقل الامام شمس الدين السخاوى فى فتح المغيث عن الشيخ ابى الحسن القطان

هذا القسم لا يحتج بہ کلہ بل یعمل بہ فی فضائل الاعمال، ویتوقف عن العمل بہ فی الاحکام الا اذا کثرت طرقہ او عندہ اتصال عمل او موافقۃ شاہد صحیح او ظاہر القرآن

افضل الموہبی: ص 21 – فتح المغیث: جلد اول، ص 80 دار الامام الطبری

Tarjama: Imam Shams-ud-deen Sakhawi Shafi'i (831ھ902–ھ) ne Fath-ul-Mugheeth mein Shaikh Abu-l-Hasan Qattan (512ھ628–ھ) se naql farmaya ke **za'eef hadees hujjat nahi hoti، lekin faza'il-e-a'maal mein is par amal hota hai، aur ahkaam aur masa'il mein is par amal karne se tawaqquf kiya jata hai۔**

Imam Ibn Humam Hanafi (790 Hijri - 861 Hijri) ne tahrir farmaya:

ليس معنى الضعيف الباطل في نفس الامر بل ما لم يثبت بالشروط المعتبرة عند اهل الحديث مع تجويز كونه صحيحًا في نفس الامر فيجوز ان تقترن قرينة تحقق ذلک وان الراوى الضعيف اجاد في هذا المتن المعين فيحكم به

(فتح القدير: جلد اول: ص 266- مطبعہ میمنیہ مصر)

Tarjuma: **Za'eef (kamzor) ka ma'ni ye nahi hai ke wo (hadith) nafs-ul-amr (haqiqat) mein baatil (jhooti/galat) hai, balki jo Mohadditheen ke yahan mu'tabar (qabil-e-etaymad) shuroot (sharayat) ke saath saabit na ho (wo hadith za'eef hai), bawajood-e-ke**
jaiz (mumkin) hai ke wo hadith nafs-ul-amr (haqiqat) mein sahih ho, pas ho sakta hai ke koi qarina (nishani/saboot) is se muqtaran (jura huwa) ho
jo ise qabil-e-istidlal (dalil pakadne ke layak) saabit kar de aur ye bhi jaiz hai ke za'eef raawi ne is
khaas matan (hadith ke alfaz) mein umdah raah (behtar tariqa) ikhtiyar ki ho toh is hadith ki sehat (sachai) ka hukm diya jaye ga.

Khulasa-e-Kalam

Imam Ibn Humam is usool (rule) ki wazahat kar rahe hain ke har Za'eef (weak) hadees ka matlab "Batil" ya "Jhooti" nahi hota.Aisa bhi hota hai ke sanad (chain) mein kamzori ke bawajood, hadees haqiqat mein sahih hoti hai aur Mohadditheen wa Fuqaha ke nazdeek qabil-e-amal

(practicable) hoti hai. Ye ilm-e-hadith ki wo gehrai hai jis se aaj ke Ghair-Muqallid aksar na-waqif hain; unhone sirf "za'eef" ka lafz rat liya hai, jabke asal maharat uske istemal aur usool ko samajhne mein hai.

Hadees za'eef kis cheez mei qubool hoti h?

Imam Shahabuddin Khafaji Misri Hanafi (977 Hijri - 1069 Hijri) ne raqam farmaya (likha):

اما الاحكام كالحلال والحرام والبيع والنكاح والطلاق وغير ذلك فلا يعمل فيها الا بالحديث الصحيح اوالحسن الا ان يكون فى احتياط فى شيء من ذلك كما اذا ورد حديث ضعيف بكراهة بعض البيوع والانكحة فان المستحب ان يتنزه عنه ولكن لا يجب

النسيم الرياض شرح الشفاء للقاضى عياض: جلد اول: ص 42- دارالفكر بيروت

Tarjuma: **Lekin ahkam (hukm) jaise halal wa haram, bay' (khareed-o-faroakht), nikah, talaq wa-ghaira, pas un mein sirf hadees-e-sahih ya hadees-e-hasan par amal hoga, magar ye ke is mein ehtiyat (care) ho jaye jaisa ke jab koi za'eef hadees baaz bay' (tijarat) ya baaz nikah ki karahat (na-pasandidgi) mein warid hui ho toh us se bachna mustahab (acha/behtar) hai, wajib nahi.**

Imam Jalaluddin Suyuti Shafi'i ne raqam farmaya:

ويعمل بالضعيف ايضا فى الاحكام اذا كان فيه احتياط (تدريب الراوى: جلد دوم: ص 489

Tarjuma: **Bab-e-ahkam mein hadees-e-za'eef par bhi amal kiya jaye ga jab ke is mein ehtiyat ho.**

Imam Ibn Mulaqqin: Siraj-ud-din Umar bin Ali bin Ahmad Shafi'i Misri (Wafat 804 Hijri) ne tahrir farmaya:

فقال النووى فى كتاب الاذكار وغيره من كتبه: قال العلماء من المحدثين والفقهاء وغيرهم: يجوز ويستحب العمل فى الفضائل والترغيب والترهيب بالحديث الضعيف ما لم يكن موضوعًا

Tarjuma: **Imam Nawawi Shafi'i (631 Hijri - 676 Hijri) ne kitab Al-Adhkar aur apni digar (dusri) kitabon mein tahrir farmaya ke**

ulema yani Mohadditheen, Fuqaha aur unke ilawa ne farmaya: Fazail aur Targhib-o-Tarhib (neki ki taraf bulane aur gunah se darane) mein hadees-e-za'eef (kamzor) par amal karna jaiz aur mustahab (acha/pasandida) hai, jab tak ke wo hadees mozu (man-gharat/jhooti) na ho.

واما الاحكام كالحلال والحرام والبيع والنكاح والطلاق وغير ذلك، فلا يعمل فيها الا بالحديث الصحيح او الحسن الان يكون فى الاحتياط شى من ذلك– كما اذا ورد حديث ضعيف بكراهة بعض البيوع او الانكحة– فان المستحب ان يتنزه عنه– ولكن لا يجب

Tarjuma: **Lekin ahkam jaise halal wa haram, bay' (tijarat), nikah, talaq wa-ghaira mein sirf hadees-e-sahih ya hasan par amal kiya jaye ga, magar ye ke us mein ehtiyat (care) ka pehlu ho—jaisa ke jab kisi za'eef hadees mein baaz bay' ya baaz nikah ki karahat (na-pasandidgi) ke baare mein warid (zikr) hua ho toh us se parhez (bachna) karna mustahab hai, lekin wajib (zaroori) nahi.**

(البدر المنير: جلد دوم: ص 281)

Imam Mohaddith Shamsuddin Sakhawi Shafi'i (831 Hijri - 902 Hijri) ne raqam farmaya:

وكان موضع احتياط كما اذا ورد حديث ضعيف بكراهة بعض البيوع او الانكحة– فان المستحب كما قال النووى ان يتنزه عنه ولكن لا يجب

Tarjuma: **Aur (ye) mauqa-e-ehtiyat hai, jaisa ke jab baaz bay' ya baaz nikah ki karahat ke baare mein hadees-e-za'eef warid hui ho toh us se parhez karna mustahab hai jaisa ke Imam Nawawi ne farmaya, lekin wajib nahi. (فتح المغيث: جلد اول: ص 289)**

Imam Ibn Humam Hanafi (790 Hijri - 861 Hijri) ne tahrir farmaya:

والاستحباب يثبت بالضعيف غير الموضوع

Tarjuma: **Hadees-e-za'eef (kamzor) jo ke mozu (man-gharat/jhooti) na ho, us se istahbab (kisi kaam ka mustahab/acha hona) saabit hota hai.** (فتح القدير: جلد دوم: ص 133 / جلد سوم: ص 410)

Sheikh-ul-Islam Abu Zakariya Shafi'i (Wafat 926 Hijri) ne raqam farmaya:

قال العلماء من المحدثين والفقهاء وغيرهم يجوز ويستحب العمل فى الفضائل والترغيب والترهيب بالحديث الضعيف ما لم يكن موضوعًا

Tarjuma: **Ulema yani Mohadditheen, Fuqaha aur unke ilawa ne farmaya: Fazail aur Targhib-o-Tarhib (neki ki raghbat aur gunah se darane) mein hadees-e-za'eef par amal karna jaiz aur mustahab hai jab tak ke wo mozu na ho**. (كتاب الاذكار: ص 7)

Allama Ibrahim Halabi (Wafat 956 Hijri) ne tahrir farmaya:

يستحب ان يمسح يديه بمنديل بعد الغسل لما روت عائشة رضى الله تعالى عنها- قالت: كان للنبى صلى الله عليه وسلم خرقة ينشف بها بعد الوضوء- رواه الترمذى وهو ضعيف ولكن يجوز العمل بالضعيف فى الفضائل

Tarjuma: **Mustahab hai ke ghusal ke baad apne donon hathon ko rumaal se ponche (dry kare), iski wajah ye hai ke Umm-ul-Momineen Hazrat Aisha Siddiqa رضى الله عنها ne riwayat kiya: Huzoor Aqdas ﷺ ke liye kapde ka ek tukra tha jis se wuzu ke baad (jism) ponchte the. Isko Imam Tirmidhi ne riwayat kiya aur ye hadees za'eef hai, lekin fazail mein za'eef hadees par amal karna jaiz hai**.
(غنية المتملى فى شرح منية المصلى: 52)

Mohaddith-e-Shaheer Mulla Ali Qari Hanafi ne tahrir farmaya:

الضعيف يعمل به فى فضائل الاعمال اتفاقًا- ولذا قال ائمتنا: ان مسح الرقبة مستحب او سنة

Tarjuma: **Za'eef hadees par fazail-e-aamaal mein bil-ittefaq (sab ki rai se) amal kiya jata hai, isi liye hamare Aimma-e-Kiram ne farmaya ke gardan ka masah karna mustahab ya sunnat hai**. (كتاب الموضوعات الكبير: ص 63)

Tajurbe se bhi Hadees za'eef par amal kiya jata h

Imam Mundhiri aur Qiwam-us-Sunnah ne raqam farmaya (Isko Imam Hakim ne riwayat kiya):

رواه الحاكم وقال قال احمد بن حرب: قد جربته فوجدته حقاً– وقال ابراهيم بن على الدبيلى: قد جربته فوجدته حقاً– وقال الحاكم– وقال لنا ابو زكريا: قد جربته فوجدته حقاً– قال الحاكم: قد جربته فوجدته حقاً

الترغيب والترهيب: جلد اول: ص 274 – مكتبه شامله / الترغيب والترهيب لقوام السنة: جلد سوم: ص 322 – مكتبه راية التوحيد

Tarjuma: **Mohaddith Ahmad bin Harb ne bayan kiya: Main ne is namaz ko azmaya hai, pas main ne is ko haq (durust/fayde-mand) paaya. Hazrat Ibrahim bin Ali Duhayli ne bayan kiya: Main ne is namaz ko azmaya hai, pas main ne is ko haq paaya. Hakim Nishapuri ne kaha: Mujh se Abu Zakariya ne bayan kiya: Main ne is namaz ko azmaya hai, pas main ne is ko haq paaya. Hakim Abu Abdullah Nishapuri (Wafat 321 Hijri - 405 Hijri) ne bayan kiya: Main ne is namaz ko azmaya hai, pas main ne is ko haq paaya.**

Imam Abdul Azim bin Abdul Qawi Mundhiri (581 Hijri - 656 Hijri) ne raqam farmaya:

والاعتماد فى مثل هذا على التجربة- لا على الإسناد- والله اعلم

(الترغيب والترهيب: جلد اول: ص 275 - مكتبه شامله)

Tarjuma: **Aisi jagah etaymad (bharosa) tajurba par hai, na ke sanad par; aur Allah Ta'ala behtar jaanta hai**.

Khulasa e kalam

Is riwayat mei qaza-e-hajat (zaroorat poori hone) ke liye namaz ke tariqa bayan kiya gaya lekin iski sanad za'eef thi, is ke bawajood Imam Hakim aur inke elawa Moahdiseen ne is par amal kiya aur khud is namaz ko mufid (fayde-mand) paaya, pas tajurba se is riwayat ki sehat saabit ho gayi, agarche sanad qabil-e-etaymad na thi.

Kabhi za'eef Hadees se Ahkam bhi sabit kiye jate hain

Imam Shamsuddin Sakhawi (831 Hijri - 902 Hijri) ne raqam farmaya:

وكذا اذا تلقت الامة الضعيف بالقبول، يعمل به على الصحيح حتى انه ينزل منزلة المتواتر فى انه ينسخ المقطوع به– ولهذا قال الشافعى رحمه الله فى حديث: (لا وصية لوارث) انه لا يثبته اهل الحديث– ولكن العامة تلقته بالقبول– وعملوا به حتى جعلوه ناسخًا لآية الوصية

Tarjuma: **Aur isi tarah jab ulema-e-ummat kisi hadees-e-za'eef ko qubool kar lein, toh sahih mazhab ke mutabiq us par amal kiya jaye ga, yahan tak ke use hadees-e-mutawatir (wo hadees jo har dor mein kasrat se bayan hui ho) ke darje mein rakha jata hai, is baare mein ke us se qat'ee (hukm) ko mansookh qarar diya jata hai. Isi liye Imam Shafi'i رحمة الله عليه ne hadees (لا وصية لوارث) (Waris ke liye wasiyat nahi) ke baare mein farmaya ke Mohadditheen ise saabit nahi maante hain, magar Jamhoor Ulema (Ulema ki aksariyat) ne ise qubool kiya aur us par amal kiya, yahan tak ke ise "Ayat-e-Wasiyat" ka nasikh (khatam karne wala) qarar de diya.**
(فتح المغيث: جلد اول: ص 289)

Khulasa e kalam

Aisa bhi ho sakta h ki koi hadees sanad ke i'tibar se za'eef (kamzor) ho, lekin Jamhoor Ulema aur Ummat-e-Muslima use qubool kar lein, toh wo "Sahih" ke darje mein aa jati hai aur agr upar likhu huwi hadees ki trah Mujtahideen ki traf se use sabit mana gaya ho to uska darja “Mutawatir”(yaani hadees ki sab se aala qism) tak pahuch jata h.

Mere aziz (parhne walon), ab tak ki guftagu aur Aimma-e-Kiram ke aqwal se ye baat bilkul saaf ho chuki hai ke Za'eef hadees koi aisi cheez nahi jise utha kar kachre mein phenk diya jaye. Aapne parha ke kis tarah Mohadditheen aur Fuqaha ke nazdeek Za'eef hadees(jab tak ki wo kisi sahi Hadees ke mukhalif na ho) uska apna ek maqam aur martaba hai. Jab koi hadees Jamhoor Ulema ke yahan maqbool (accept) ho jaye, ya buzurgon ka tajurba uski tasdeeq karde, ya phir fazail aur ehtiyat ke

muamlat hon, toh wahan yahi Za'eef hadees hamare liye mashal-e-rah (guiding light) banti hai.
Lekin afsos ke saath kehna padta hai ke aaj ke dor mein "Munkir-e-Hadees" ka ek naya tabqa paida ho gaya hai, jinhein hum Ghair-Muqallideen kehte hain. In logon ne ilm ki gehrai ko chhor kar sirf "Sahih aur Za'eef" ki rat laga rakhi hai. In naye munkireen ka tarika-e-waridat ye hai ke ye unhi usoolon ka inkar karte hain jin par sadiyon se Ummat ka ittefaq raha hai. Magar hairat ki baat toh ye hai ke dusron ko rokne wale ye hazrat, khud bohat se muamlat mein unhi Za'eef ahadees par amal paira hain jinhein ye dusron ke liye "bid'at" btatae hain
Kitab ke is pahle hisse mein humne Mohadditheen ka mauqif samajh liya hai. Ab agle hisse mein hum in Ghair-Muqallideen ki munafqat (double standard) amal ka parda-fash karenge aur dikhayenge ke kis tarah ye log awam ko dhoka de kar khud unhi raston par chalte hain jinse dusron ko mana karte hain.

Dusra Hissa

Kya Rang, Bu, aur Maza badalne se pani napaak hota hai?

Paak pani mein kisi napaak cheez ke girne se us ka kya hukm hoga, is silsile mein *Sunan Ibn Majah* mein hadees-e-paak hai:

عن ابی امامة الباهلی قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الماء لا ینجسه شئ الا ما غلب علی ریحه وطعمه ولونه

Tarjuma: **Hazrat Abu Umama Bahili رضی الله عنہ se riwayat hai, unhon ne farmaya: Hazrat Rasulullah ﷺ ne irshad farmaya: Beshak pani ko koi cheez napaak nahi karti magar us waqt jab wo pani ki bu (smell), maza (taste) aur rang (color) par ghalib aa jaye. (Sunan Ibn Majah, Kitab-ut-Tahara, Hadees: 521)**

Mohadditheen ka Faisla:

Is hadees-e-paak ki sanad ke baare mein tamam Mohadditheen ka ittefaq hai ke ye Za'eef hai. Chuna-che Ghair-Muqallideen ke mu'tabar (bharosemand) aalim Qazi Shaukani (Wafat 1250 Hijri) ne is

hadees-e-paak ke Za'eef hone se mutalliq Imam Shafi'i, Imam Darqutni aur Imam Nawawi ke aqwal bayan kiye hain:

وقال الشافعى لا يثبت اهل الحديث مثله وقال الدارقطنى لا يثبت هذا الحديث وقال النووى اتفق المحدثون على تضعيفه

Tarjuma: **Imam Shafi'i رحمة الله عليه ne farmaya: Mohadditheen is jaisi riwayat ko saabit nahi maante. Imam Darqutni ne farmaya: Ye hadees saabit nahi hai. Aur Imam Nawawi ne farmaya: Mohadditheen ne is riwayat ko Za'eef qarar dene par ittefaq kiya hai. (Nayl al-Awtar, Kitab-ut-Tahara)**

Ghair-Muqallid ka Amal:

Aalam-e-Arab ke mashhoor Ghair-Muqallid aalim Sheikh Muhammad bin Salih al-Uthaymeen (Wafat 1421 Hijri) ne apne fatawa mein likha:

وهذا الحديث وان كان ضعيفا من حيث السند واكثر اهل العلم لا يثبتونه مرفوعا الى النبى صلى الله عليه وسلم بل قال النووى اتفق المحدثون على تضعيفه لكنه فى الحقيقة صحيح من حيث المعنى

Tarjuma: **Ye hadees agarche sanad ke i'tibar se Za'eef hai aur aksar ahl-e-ilm ise Nabi ﷺ tak marfu' (directly connected) nahi maante, balki Imam Nawawi ne kaha ke Mohadditheen ne ise Za'eef kehne par ittefaq kiya hai, lekin ye hadees ma'ni ke i'tibar se sahih hai.** (Majmu' Fatawa wa Rasail al-Uthaymeen, Jild: 8)

Khulsa e kalam

Ye baat bilkul saaf ho jati hai ke Ghair-Muqallideen ka ye dawa ke "Hum sirf sahih hadees par amal karte hain" mahaz ek fareb hai. Pani ki paki aur napaki ke baab mein Sunan Ibn Majah ki jo riwayat (Hadees No: 521) pesh ki gayi hai, uski sanad par Imam Shafi'i, Imam Darqutni aur Imam Nawawi jaise buland-paya Mohadditheen ne ittefaq kiya hai ke wo Za'eef hai.

Hairat ki baat ye hai ke khud Ghair-Muqallideen ke bade muhaqqiq Qazi Shaukani aur Arab ke mashhoor aalim Sheikh Ibn Uthaymeen ne bhi is riwayat ko sanad ke i'tibar se Za'eef tasleem kiya hai. Magar iske bawajood, unhone is Za'eef hadees ko "Ma'ni ke i'tibar se sahih" keh kar us par fatwa jaari kiya aur use qabil-e-amal mana.

Wazu mein Bismillah Padhne ka Hukm

Wazu mein "Bismillah" padhne se mutalliq hadees-e-paak hai:

عَنْ رَبَاحِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ بْنِ حُوَيْطِبٍ، عَنْ جَدَّتِهِ، عَنْ أَبِيهَا، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «لَا وُضُوءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهِ»

Tarjuma: **Hazrat Rabah bin Abdur Rahman apni dadi se woh apne walid se riwayat karti hain, unhon ne farmaya: Main ne Hazrat Rasulullah sallallahu alaihi wa aalihi wasallam se yeh farmate hue suna: "Us shakhs ka wazu nahi jisne wazu ke waqt Allah ka naam na liya ho."**

(Jame Tirmizi, Abwab-ut-Tahara, bab fit-tasmiya indal wazu, Hadees number: 25)

Fuqaha-e-Kiram (fiqh ke mahireen) ne wazu ke waqt Bismillah padhne ko sunnat qarar diya hai.

Mohadditheenka Faisla

Mazkoora (upar zikr ki gayi) hadees-e-paak se mutalliq Imam Tirmizi rahmatullahi alaihi (Mutawaffi 279H) ne Imam Ahmad bin Hanbal rahmatullahi alaihi ka qaul (baat) naqal farmaya:

لَا أَعْلَمُ فِي هَذَا الْبَابِ حَدِيثًا لَهُ إِسْنَادٌ جَيِّدٌ

Tarjuma: **Main wazu ke waqt Bismillah padhne se mutalliq koi aisi hadees nahi jaanta jo sanad-e-jayyid (mazboot/behtar sanad) se marwi (bayan ki gayi) ho.**

Ghair Muqalideen ka Amal

Maaroof (mashhoor) Ghair Muqalid aalim Sheikh Abdul Aziz bin Abdullah bin Baz (Mutawaffi 1420H) ne bhi is riwayat ko za'eef (kamzor) tasleem (qubool) kiya hai, iske bawajood unhon ne is riwayat se istidlal (daleel pakdi) kiya aur is se wazu ke waqt Bismillah padhne ko sunnat qarar diya jaisa ke wazu ke waqt Bismillah padhne se mutalliq sawal ke jawab mein likha hai:

هَذَا الْحَدِيثُ أَعَلَّهُ الْعُلَمَاءُ وَقَالُوا: إِنَّهُ لَا يَثْبُتُ، كَمَا قَالَهُ أَحْمَدُ رَحِمَهُ اللَّهُ وَجَمَاعَةٌ، وَلِذَا قَالُوا: يُسْتَحَبُّ فَقَطْ؛ لِأَنَّ مَجْمُوعَ الْأَحَادِيثِ يَشُدُّ بَعْضُهَا بَعْضًا فَيُؤْخَذُ مِنْهَا السُّنِّيَّةُ، أَمَّا السُّنِّيَّةُ فَلَا شَكَّ فِيهَا.

Tarjuma: **Is hadees ko ulam-e-hadees ne za'eef (kamzor) qarar diya aur kaha ke yeh hadees sabit nahi, jaisa ke Ahmad bin Hanbal rahmatullahi alaihi aur Mohadditheenki jama'at ne farmaya, is liye ulam ne kaha ke wazu ke waqt Bismillah padhna sirf mustahab (pasandida) hai; kyunke baaz hadeesein baaz ko quwwat (taqat) de rahi hain aur un majmu'i (mili juli) ahadeeth se sunnat hone ka hukm sabit hota hai aur wazu ke waqt Bismillah padhne ko sunnat kehne mein koi shak nahi.**

(Fatawa Noor ala al-Darb li Ibn Baz, Kitabut Tahara, bab fi fara'izil wazu)

Abdur Rahman Mubarakpuri (Ghair-Muqallid) toh Ibn Baz se ek qadam aur aage badh kar apni kitab mein likhte hain:

وَلَا شَكَّ أَنَّ التَّسْمِيَةَ رُكْنٌ مِنْ أَرْكَانِ الْوُضُوءِ

Tarjuma: **Aur is mein koi shak nahi ke "Bismillah" padhna wuzu ka ek rukn (lazmi hissa) hai.** (Tohfat al-Ahwadhi, Jild: 1, Safha: 37)

Yani unke nazdeek agar kisi ne wuzu ke shuru mein "Bismillah" nahi padha toh uska wuzu hi nahi hoga.

Ghair Muqalideen ka Dohra Meyar (Double Standard)ek taraf wazu ke mauqe par Bismillah padhne ko Ghair Muqalideen za'eef (kamzor) riwayat se istidlal (daleel) kar ke sunnat aur farz qarar dete hain aur kehte hain ke "is ke farz hone mein koi shak nahi", aur dusri taraf haiz (periods) wali aurat ke liye Quran-e-Kareem ki tilawat ki ijazat dete hain aur mamanat (rok/mana) wali hadees ko za'eef (kamzor) kehte hain.

Jame Tirmizi aur Sunan Ibn Majah mein Huzoor Akram sallallahu alaihi wa aalihi wasallam ka irshad-e-mubarak hai:

لَا تَقْرَأِ الْحَائِضُ وَلَا الْجُنُبُ شَيْئًا مِنَ الْقُرْآنِ

Tarjuma: **Haiz (periods) wali aurat aur janabat (napaaki) wala shakhs kuch bhi Quran-e-Kareem na padhe.**

(Jame Tirmizi, Abwab-ut-Tahara, Hadees number: 131. Sunan Ibn Majah, Hadees number: 595)

Yeh riwayat mukhtalif sanadon ke saath manqool (naqal ki gayi) hai aur tamam sanadein za'eef (kamzor) hain, lekin sanadon ki kasrat (zyadati) ki wajah se yeh riwayat bhi wazu ke waqt Bismillah padhne ki riwayat ki tarah qawi (mazboot) ho jati hai, jaisa ke Mulla Ali Qari rahmatullahi alaihi (Mutawaffi 1014H) ne likha:

وَالْحَاصِلُ أَنَّ جُمْهُورَ الْعُلَمَاءِ عَلَى الْحُرْمَةِ؛ إِذْ هِيَ اللَّائِقَةُ بِتَعْظِيمِ الْقُرْآنِ، وَيَكْفِي فِي الدَّلَالَةِ عَلَيْهَا الْأَحَادِيثُ الْكَثِيرَةُ الْمُصَرِّحَةُ بِهَا، وَإِنْ كَانَتْ كُلُّهَا ضَعِيفَةً؛ لِأَنَّ تَعَدُّدَ طُرُقِهَا يُورِثُهَا قُوَّةً أَيَّ قُوَّةٍ، وَتَرْقِيَهَا إِلَى دَرَجَةِ الْحَسَنِ لِغَيْرِهِ، وَهُوَ حُجَّةٌ فِي الْأَحْكَامِ، فَالْحَقُّ الْحُرْمَةُ؛ إِذْ هِيَ الْجَارِيَةُ عَلَى قَوَاعِدِ الْأَدِلَّةِ لَا الْحِلُّ، وَإِنْ كَانَ هُوَ الْأَصْلَ، كَذَا ذَكَرَهُ ابْنُ حَجَرٍ.

Tarjuma: **Khulasa yeh hai ke jumhoor (zyadatar) ulam is baat ke qayel (mannay wale) hain ke haiza (haiz wali) aurat ke liye tilawat-e-Quran haraam hai; kyunke yahi hukm Quran-e-Kareem ki ta’zeem (izzat) ke la’iq hai aur hurmat (mana hone) par dalalat (ishara) karne ke liye woh bahut si riwayatein kaafi hain jo hurmat ko waazeh (saaf) bayan kar rahi hain, agarche woh riwayatein za'eef (kamzor) hain, is liye ke sanadon ka mutaddid (zyada) hona ahadeeth ko bahut mazboot kar raha hai aur ise "hasan lighairihi" (wo hadees jo dusri sanadon se mazboot ho jaye) ke darje par pahuncha raha hai, jo ahkaam mein hujjat (daleel) hai to durust baat yahi hai ke haiz wali aurat ke liye tilawat-e-Quran haraam hai; kyunke haiza aurat ke liye tilawat ki hurmat hi dalail (sabooton) ki buniyadon par qayem hai na ke tilawat ka jawaz (ijazat), agarche woh asl (shuruat) hai, is ko Ibn Hajar rahmatullahi alaihi ne bayan kiya hai.**

(Mirqat-ul-Mafatih, Kitabut Tahara, bab mukhalatatil junubi wa ma yubahu lahu)

Shareh-e-Bukhari, Sahab-e-Fathul Bari, Hafiz Ibn Hajar Asqalani رحمۃ اللہ علیہ (Wafat 852 Hijri) ne haiza aurat ki tilawat ke jaiz hone se mutalliq riwayaton ke baare mein likha:

ولم يصح عند المصنف شئ من الأحاديث الواردة فى ذلک وان كان مجموع ماورد فى ذلک تقوم به الحجة عند غيره

Tarjuma: **Musannif (Imam Bukhari) ke nazdeek is silsile mein warid hone wali ahadees mein se kuch bhi sahih nahi hai, agarche in tamam riwayaton ka majmua (total collection) dusre ulema ke nazdeek hujjat (daleel) ban jata hai.**

Lekin Majmu' Fatawa Ibn Baz(gair muqallid)mein hai:

أما حديث لا تقرأ الحائض شيئا من القرآن فهو حديث ضعيف لاتقوم به الحجة والارجح أنه لا حرج عليها يعنى الحائض ان تقرأ عن ظهر قلب

Tarjuma: **Ab raha ye hadees ke "Haiza aurat kuch bhi Quran na padhe," toh ye Za'eef hadees hai jis se daleel qayam nahi hoti. Sahi (aur rajay) baat ye hai ke haiza aurat ke liye zabani tilawat karne mein koi haraj (problem) nahi hai.**

(Majmu' Fatawa Ibn Baz, Kitab-ut-Tahara, Bab: Hukm Qira'at al-Ha'iz lil-Qur'an)

Is se ye haqiqat ayan (wazeh) hui ke Ghair-Muqallideen ne kai sanadon se manqool ek Za'eef hadees ko daleel qarar diya aur us se wuzu ke waqt "Bismillah" padhne ko farz maan liya. Is ke bar-khilaf, kai sanadon se riwayat ki gayi ek aur Za'eef hadees ko unhon ne daleel nahi kaha aur us hadees mein haiza aurat ke liye tilawat ki mumanat (mana) ke bawajood na use "Haram" kaha, na "Makruh", balki ye likha ke haiza wali aurat tilawat kar sakti hai.

Halanke Jamhoor fuqha (aksariyat)ne ise daleel qarar diya hai. Is se maloom hua ke Za'eef ahadees ko Ghair-Muqallideen ne kisi jagah daleel banaya hai aur kisi jagah mukammal taur par na-qabil-e-istidlal qarar de diya hai. Sawal ye hai ke ek hi qism ki do riwayaton mein se ek ke zariye hukm saabit karna aur dusri ke zariye koi hukm saabit na karna kya ma'ni rakhta hai? Yehi wo ahadees se mutalliq dohra miyar (double standard) hai jo Ghair-Muqallideen ne ikhtiyar kiya hai.

Azan ke liye Wuzu ka Hukm

Jami' at-Tirmidhi mein hadees-e-paak hai:

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُؤَذِّنُ إِلَّا مُتَوَضِّئٌ

Tarjuma: **Hazrat Abu Hurairah رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Huzoor Akram ﷺ ne irshad farmaya: Ba-wuzu shakhs hi azan kahe. (Jami' at-Tirmidhi,** Kitab-ut-Tahara, Hadees No: 200)

Is silsile mein Fuqaha-e-Kiram ne farmaya ke azan ke waqt ba-wuzu hona mustahab (acha) hai. Lekin jab Mohadditheen ke faisle ki baat aayi, toh Ghair-Muqallid aalim Abdur Rahman Mubarakpuri ne likha:

ضَعِيفٌ مِنْ وَجْهَيْنِ

Tarjuma: **Ye hadees do wajahon ki buniyad par za'eef hai.** (**Tuhfat al-Ahwadhi, Jild: 1, Safha: 37)** Hatta ke unke mashhoor muhaqqiq Sheikh Nasiruddin Albani ne bhi is hadees ko za'eef qarar diya hai.

Lekin is ke bawajood, Ghair-Muqallid aalim Sheikh Abdul Aziz bin Baz ne apne fatwa mein likha:

أَذَانُهُ وَهُوَ عَلَى طَهَارَةٍ أَفْضَلُ لِمَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَا يُؤَذِّنُ إِلَّا مُتَوَضِّئٌ لَكِنْ سَنَدُهُ ضَعِيفٌ وَلَكِنْ يُسْتَفَادُ مِنْهُ أَنَّ الْوُضُوءَ أَفْضَلُ قَبْلَ أَنْ يُؤَذِّنَ إِذَا تَيَسَّرَ ذَلِكَ

Tarjuma: **Ba-wuzu azan kehna afzal (behtar) hai, kyunke Nabi Akram ﷺ se manqool hai ke Aap ne farmaya: Ba-wuzu shakhs hi azan kahe. Lekin is hadees ki sanad za'eef hai, magar is se ye saabit hota hai ke azan kehne se pehle wuzu karna afzal hai jab mauqa ho.** (Majmu' Fatawa Ibn Baz, Kitab-us-Salat)

Kya Patti par Masah Jaiz hai?

Patti par masah ke baare mein Sunan Abi Dawood mein hadees-e-paak hai:

عَنْ جَابِرٍ قَالَ خَرَجْنَا فِي سَفَرٍ فَأَصَابَ رَجُلًا مِنَّا حَجَرٌ فَشَجَّهُ فِي رَأْسِهِ، ثُمَّ احْتَلَمَ فَسَأَلَ أَصْحَابَهُ فَقَالَ هَلْ تَجِدُونَ لِي رُخْصَةً فِي التَّيَمُّمِ فَقَالُوا مَا نَجِدُ لَكَ رُخْصَةً وَأَنْتَ تَقْدِرُ عَلَى الْمَاءِ فَأَغْتَسَلَ فَمَاتَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُخْبِرَ بِذَلِكَ فَقَالَ قَتَلُوهُ قَتَلَهُمُ اللهُ أَلَا سَأَلُوا إِذْ لَمْ يَعْلَمُوا فَإِنَّمَا شِفَاءُ الْعِيِّ السُّؤَالُ، إِنَّمَا كَانَ يَكْفِيهِ أَنْ يَتَيَمَّمَ وَيَعْصِرَ - أَوْ يَعْصِبَ - عَلَى جُرْحِهِ خِرْقَةً ثُمَّ يَمْسَحَ عَلَيْهَا وَيَغْسِلَ سَائِرَ جَسَدِهِ

Tarjuma: **Hazrat Jabir رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke hum ek safar mein nikle hue the ke hamare ek saathi ko patthar laga aur unka sar**

zakhmi ho gaya. Phir unhein napaaki (janabat) lahaq hui toh unhon ne saathiyon se pucha ke kya mere liye tayammum ki gunjaysh hai? Saathiyon ne kaha ke jab paani maujood hai toh gunjaysh nahi. Unhon ne ghusal kiya jis se unki maut ho gayi. Jab Huzoor Akram ﷺ ko khabar hui toh Aap ne farmaya: Unhon ne use qatal kar diya, Allah unhein qatal kare! Jab ilm nahi tha toh pucha kyun nahi? Beshak na-waqifiyat ka ilaaj sawal karna hai. Unke liye sirf itna kafi tha ke wo tayammum karte aur apne zakhm par patti baandh kar us par masah karte aur baaki jism dho lete. (Sunan Abi Dawood, Kitab-ut-Tayammum, Hadees: 336)

Mohadditheen ka Faisla:

Is riwayat ko Mohadditheen ne za'eef kaha hai. Imam Dahabi ne Imam Darqutni ke hawale se naqal kiya:

رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ وَالزُّبَيْرُ فِيهِ ضَعِيفٌ

Tarjuma: **Ise Darqutni ne riwayat kiya aur iski sanad mein ek raawi "Zubair" za'eef hai. (Tanqih al-Tahqiq). Imam Nawawi ne bhi farmaya ke ise Abu Dawood aur Bayhaqi ne riwayat kiya aur ise za'eef kaha hai. Hatta ke Sheikh Albani ne bhi ise za'eef qarar diya. (Irwa al-Ghalil).**

Ghair-Muqallideen ka Amal:

Iske bawajood, Ghair-Muqallid aalim Sheikh Muhammad bin Salih al-Uthaymeen ne likha:

وَلَيْسَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْجَبِيرَةِ دَلِيلٌ خَالٍ مِنْ مُعَارَضَةٍ فِيهَا أَحَادِيثُ ضَعِيفَةٌ ذَهَبَ إِلَيْهَا بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ وَقَالَ إِنَّ مَجْمُوعَهَا يَرْفَعُهَا إِلَى أَنْ تَكُونَ حُجَّةً

Tarjuma: **Patti par masah ke masle mein koi aisi daleel nahi jo aiteyraz se khaali ho, balki is silsile mein za'eef ahadees hain jinhein baaz ulema ne ikhtiyar kiya aur kaha ke in za'eef ahadees ka majmu'a (total collection) mil kar "Hujjat" (daleel) ban jata hai.** (Fatawa Arkan al-Islam).

Khulasa-e-Kalam

Dohra Miyar: Ghair-Muqallideen ka ye dawa ke wo sirf "Sahih" hadees maante hain, yahan phir nakam ho gaya. Patti par masah ka masla saabit karne ke liye unke ulema khud un riwayaton ka sahara le rahe hain jinhein unhone khud za'eef mana hai.

Majmu'a-e-Hujjat: Sheikh Ibn Uthaymeen ka ye aitraf ke za'eef ahadees mil kar "Hujjat" ban jati hain, dar-asl hamare (Ahl-e-Sunnat) ke usi usool ki tasdeeq hai jise ye log aam taur par radd karte hain.

Nateeja: Maloom hua ke za'eef hadees bilkul be-kar nahi hoti. Patti par masah jaise ahem masle mein Ghair-Muqallideen ka amal isi za'eef riwayat par hai, jo saabit karta hai ke unka asli maqsad sirf apni marzi chalana hai, hadees ki sehat unke liye sirf ek bahana hai.

Mere aziz qari'een, is puri ilmi guftagu aur dalail se ek baat suraj ki tarah wazeh ho gayi hai ke Za'eef hadees ko kachre mein phenk dena hamare Mohadditheen aur salaf-e-saliheen ka rasta hargiz nahi tha. Humne dekha ke jin Za'eef riwayaton par ye naye dor ke "Munkir-e-Hadees" dusron ko bura-bhala kehte hain, unhi riwayaton par unke apne bade ulema—chahe wo Ibn Baz hon, Mubarakpuri hon ya Ibn Uthaymeen—khud amal kar rahe hain aur unse deen ke bade bade faisle saabit kar rahe hain.

Yahan toh sirf chand misalein pesh ki gayi hain, warna haqiqat ye hai ke Ghair-Muqallideen ke dogle-pan aur unke mutazaad (contradictory) amal ki aisi darjano misalein aur bhi maujood hain, lekin samajhne walon ke liye itne par hi iktifa (kafi) kiya jata hai. Agar insaf ki nazar se dekha jaye, toh ye chand hawale hi unke poore mauqif ko batul sabit karnebke liye kafi hain.

Ye kaisa insaf hai? Ke jab baat wuzu mein Bismillah ki aaye toh Za'eef hadees "Rukn" ban jaye, jab azan ki fazilat saabit karni ho toh Za'eef hadees "Afzal" kehlaye, aur jab patti par masah karna ho toh Za'eef ahadees ka majmu'a "Hujjat" ban jaye—lekin jab wahi Za'eef hadees Ahnaaf ke kisi masail mein aaye, toh use "baatil" aur "na-qabil-e-amal" keh kar radd kar diya jaye?

Darasal, inka ye dohra miyar (double standard) khud is baat ki gawahi de raha hai ke inka maqsad Itteba-e-Rasool ﷺ nahi, balki sirf aur sirf

apne nafsiati mufaad aur maslaki ana ki hifazat hai. Allah Ta'ala hum sab ko sahih ilmi samajh ata farmaye aur Salf e Saliheen ke raste par chalne ki taufeeq ata farmaye.